# نماز

مع ضروری مسائل

و مسنون دعائیں



مجددِ مسلکِ اہلِ سنت، عاشقِ رسول، حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی علیہ الرحمۃ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

جملہ حقوق بحق پسران خطیب پاکستان محفوظ ہیں

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ط

ترجمہ: بے شک نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔

# نماز مترجم

مع ضروری مسائل و مسنون دعائیں

مرتبہ:۔ خطیب اعظم پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ

•

ضیاءُ القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی
پاکستان

# تجدیدِ ایمان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا (ہے)

**ایمانِ مفصّل**

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ

میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر

وَرُسُلِہٖ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَالۡقَدۡرِ خَیۡرِہٖ وَشَرِّہٖ

اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالۡبَعۡثِ بَعۡدَ الۡمَوۡتِ ؕ

کا خالق اللہ ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔

**ایمانِ مجمل**

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسۡمَآئِہٖ

میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں

وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلۡتُ جَمِیۡعَ اَحۡکَامِہٖ اِقۡرَارٌۢ

اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے زبان

بِاللِّسَانِ وَتَصۡدِیۡقٌۢ بِالۡقَلۡبِ ؕ

سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے۔

# شش کلمے

**اوّل کلمہ طیّب** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

**دُوسرا کلمہ شہادت** اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے،

لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ؕ

اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

**تیسرا کلمہ تمجید** سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا

اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا

کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق نہیں

بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

مگر اللہ کی طرف سے جو بہت بلند عظمت والا ہے۔

**چوتھا کلمہ توحید** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک

لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ

نہیں، اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے تعریف ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے

وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ذُوالْجَلَالِ وَ

اور وہ زندہ ہے اس کو ہرگز کبھی موت نہیں آئے گی، بڑے جلال اور بزرگی والا

الْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

ہے۔ اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

## پانچواں کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر

ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْخَطَاً سِرًّا اَوْعَلَانِیَۃً

گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر، چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر

وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ

اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس

الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

گناہ سے جس کو میں نہیں جانتا (اے اللہ) بے شک تو غیبوں کا جاننے والا

وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَاحَوْلَ وَ

اور عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت

لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے جو بہت بلند، عظمت والا ہے۔

## چھٹا کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ

اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا

میں کسی شے کو تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے

لَآ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ

اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے توبہ کی۔ اور بیزار ہوا کفر سے

وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ

اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت (سیئہ) سے

وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِىْ كُلِّهَا

اور چغلی سے اور بے حیائیوں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں

وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اسلام لایا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

# وضو کا بیان

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ (المائدہ:6)

"اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو اپنے مونہوں کو دھوؤ اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک اور اپنے سروں کا مسح کرو اور پاؤں دھوؤ ٹخنوں تک"

(نوٹ) نماز کے لیے وضو ضروری ہے، بغیر وضو کے نماز نہیں ہوتی۔

**وضو کا طریقہ** پہلے پاکی حاصل کرنے اور ثواب پانے کی نیت کرے اور بسم اللہ پڑھ کر تین بار دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک دھوئے پھر تین بار کلی کرے اور مسواک کرے پھر تین بار ناک میں پانی چڑھائے اور بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرے پھر تین بار مونھ

دھوئے کہ پیشانی کے بالوں سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک اور دونوں کانوں کی لو تک کوئی جگہ خشک نہ رہے اگر ڈاڑھی ہو تو خلال کرے۔ پھر تین بار دونوں ہاتھ کہنیوں تک پہلے دایاں پھر بایاں دھوئے پھر نئے پانی سے دونوں ہاتھ تر کر کے پورے سر کا ایک بار مسح کرے اس طرح کہ پیشانی کے بالوں سے دونوں ہاتھوں کی تین انگلیاں پھیرتا ہوا گدی تک لے جائے اور پھر گدی سے ہتھیلیاں پھیرتا ہوا واپس لائے پھر شہادت کی انگلی سے کان کے اندرونی حصہ اور انگوٹھے کے پیٹ سے کان کی بیرونی سطح اور انگلیوں کی پشت سے گردن کا مسح کرے پھر تین بار دونوں پاؤں پہلے دایاں پھر بایاں ٹخنوں تک بائیں ہاتھ سے دھوئے اور انگلیوں کا خلال کرے، یہ طریقہ جو بیان ہوا اس میں بعض وضو کے فرائض بعض سنتیں اور بعض مستحبات ہیں جن کی وضاحت یہ ہے۔

## وضو کے فرائض

ان کے بغیر وضو نہیں ہوتا اور یہ چار ہیں۔
(۱) مونھ دھونا (۲) دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا (۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا (۴) دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

## وضو کی سنتیں

پہلے نیت کرنا، بسم اللہ پڑھ کر شروع کرنا، دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھونا، کلی کرنا، مسواک کرنا، ناک میں پانی چڑھانا، ڈاڑھی کا خلال کرنا، پورے سر کا مسح کرنا، کانوں کا مسح کرنا، پے درپے وضو کرنا کہ پہلا عضو سوکھنے نہ پائے، ترتیب قائم رکھنا ہر دھونے والے عضو کو تین بار دھونا۔

## وضو کے مستحبات

گردن کا مسح کرنا، قبلہ کی طرف مونھ کرنا، پاک اور اونچی جگہ بیٹھنا، پانی بہاتے وقت اعضا پر ہاتھ پھیرنا، بغیر ضرورت دوسرے سے مدد نہ لینا، دنیا کی باتیں نہ کرنا، بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر تھوڑا پی لینا، وضو کے بعد کلمۂ شہادت اور یہ دعا پڑھنا: اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ
"اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک لوگوں اور اپنے صالحین بندوں میں سے کردے"۔

## ان سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

پاخانہ، پیشاب کے مقام سے کسی چیز کا نکلنا۔ خون، پیپ زدہ پانی کا نکل کر بدن پر بہ جانا، مونھ بھر قے کرنا، سہارا لگا کر یا لیٹ کر سو جانا، نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا، کسی وجہ سے بے ہوش جانا، دکھتی آنکھ سے پانی کا بہنا۔

## چند ضروری مسائل

درمیان وضو میں اگر ریح (ہوا) خارج ہو یا کوئی ایسی بات ہو جس سے وضو جاتا رہتا ہے تو پھر نئے سرے سے وضو کرے وہ پہلے دھلے ہوئے بے دھلے ہو گئے۔ بغیر وضو کے قرآن پاک کو چھونا جائز نہیں۔ جنبی کا سونے یا کچھ کھانے پینے سے پہلے وضو کرنا سنت ہے۔ خون یا پیپ نکل کر بہے نہیں تو وضو نہیں جاتا۔ اگر کسی کے زخم سے ہر وقت خون یا پیپ بہتی رہتی ہو یا ہر وقت پیشاب کا قطرہ آتا رہتا ہو یا ریاح خارج ہوتے ہوں تو ایسا شخص ہر نماز کے وقت وضو کر لیا کرے اس کی نماز ہو جائے گی کیوں کہ وہ معذور ہے۔ جب تک وقت رہے گا یہ وضو باقی رہے گا۔

# غسل کا بیان

وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ط (مائدہ:6)

''اور اگر تمہیں نہانے کی حاجت ہو تو (نہا کر) خوب صاف ستھرے ہو جاؤ۔''

## غسل کا مسنون طریقہ

پہلے دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک دھوئے پھر استنجا کرے اور جس جگہ نجاست وغیرہ ہو اس کو دور کرے۔ پھر وضو کرے اور وضو کے بعد تین مرتبہ داہنے مونڈھے پر اور تین مرتبہ بائیں مونڈھے پر پھر تین مرتبہ سر پر اور سارے بدن پر پانی بہائے اور ملے اور کسی سے کلام نہ کرے۔

غسل کے تین فرض ہیں: (۱) غرغرہ کرنا، اس طرح کہ پانی حلق کی جڑ تک پہنچ جائے (۲) ناک میں پانی ڈالنا کہ جہاں تک نرم جگہ ہے دھل جائے (۳) سارے بدن پر پانی بہانا کہ کوئی جگہ خشک نہ رہ جائے۔

## جن صورتوں میں غسل فرض ہے

(۱) منی کا شہوت سے نکلنا (۲) سوتے میں احتلام ہونا (۳) عورت مرد سے مباشرت کرنا خواہ منی نکلے یا نہ نکلے (۴) عورت کا حیض سے فارغ ہونا (۵) نفاس ختم ہونا یعنی بچہ پیدا ہونے کے بعد آنے والے خون کا بند ہونا۔

## یہ غسل مسنون ہیں

جمعہ کی نماز اور دونوں عیدوں کی نماز کے لیے، احرام باندھتے وقت اور عرفہ کے دن غسل کرنا سنت ہے۔

**یہ غسل مستحب ہیں** وقوف عرفات و وقوف مزدلفہ، حاضریٔ حرم شریف و حاضری دربار سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وشب براءت وشب قدر وغیرہ کے لیے غسل کرنا مستحب ہے۔

**چند ضروری مسائل** رمضان کی رات کو جنبی ہو جائے تو بہتر یہ ہے کہ طلوع فجر سے پہلے نہائے تاکہ روزے کا ہر حصہ جنابت سے خالی ہو اگر نہیں نہایا تو روزہ میں کچھ نقصان نہیں۔ جنبی کو مسجد میں جانا، طواف کرنا، قرآن پاک کو چھونا اور پڑھنا حرام ہے۔ جنبی نے اگر درود شریف یا کوئی دعا پڑھ لی تو کوئی حرج نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ وضو یا کلی کر کے پڑھے۔ جنبی کو اذان کا جواب دینا جائز ہے۔ جس پر غسل واجب ہو اس کو چاہیے کہ نہانے میں تاخیر نہ کرے کیوں کہ جس گھر میں جنبی ہو اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ غسل کے لیے پانی نہ ملنے کی صورت میں تیمم کرنا چاہیے۔

# تیمّم کا بیان

فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ اَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ (مائدہ:6)

"تو جب تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی سے تیمم کرو اور اس مٹی سے اپنے مونہوں اور ہاتھوں کا مسح کرو۔"

اگر پانی میسر نہ ہو یا غسل و وضو کرنے سے بیماری بڑھنے کا صحیح اندیشہ ہو تو بجائے غسل و وضو کے تیمم کا حکم ہے۔ غسل اور وضو دونوں کے لیے تیمم کا طریقہ ایک ہی ہے صرف نیت میں فرق ہے کہ غسل کے تیمم کو غسل کے اور وضو کے تیمم کو وضو کے قائم مقام خیال کرے۔

**تیمّم کرنے کا طریقہ** پہلے نیت کرے کہ میں ناپاکی دور کرنے اور نماز پڑھنے کے لیے تیمم کرتا ہوں۔ پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو کشادہ کر کے پاک مٹی یا کسی ایسی چیز پر جو زمین کی جنس سے ہو ایک بار مار کر سارے مونھ کا مسح کریں کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے پھر اسی طرح ہاتھ مار کر دونوں ہاتھوں کا ناخنوں سے لے کر کہنیوں سمیت مسح کریں کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے۔

**تیمّم کے تین فرض ہیں** (۱) نیت کرنا (۲) دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر سارے مونھ پر پھیرنا (۳) دونوں ہاتھ مٹی پر مار کر دونوں ہاتھوں پر

کہنیوں سمیت پھیرنا۔

**تیمّم کی سُنّتیں** بسم اللہ کہنا، ہاتھوں کو زمین پر مارنا، انگلیاں کھلی ہوئی رکھنا، زیادہ مٹی لگ جانے پر ہاتھوں کو جھاڑنا اس طرح کہ ایک ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ کو دوسرے ہاتھ کے انگوٹھے کی جڑ پر مارنا۔ ڈاڑھی اور انگلیوں کا خلال کرنا۔

**ضروری مسائل** انگوٹھی، چھلے، چوڑیاں وغیرہ پہنی ہوں تو ان کو اتار کر یا ہٹا کر ان کے نیچے ہاتھ پھیرنا فرض ہے۔ جو چیز آگ سے جل کر نہ راکھ ہوتی ہو نہ پگھلتی ہو نہ نرم ہوتی ہو وہ زمین کی جنس سے ہے اس سے تیمم جائز ہے اگرچہ اس پر غبار نہ ہو۔ جیسے پتھر وغیرہ یا ایسا پاک کپڑا جس پر غبار ہو کہ ہاتھ مارنے سے غبار اڑتا نظر آئے اس سے تیمم جائز ہے۔ دوسرے سے جائز نہیں۔

جن چیزوں سے وضو ٹوٹتا یا غسل واجب ہوتا ہے ان سے تیمم بھی جاتا رہتا ہے۔ اس کے علاوہ پانی کے میسر آنے سے بھی تیمم ٹوٹ جاتا ہے۔

# اذان کا بیان

وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ ''اور جب تم نماز کے لیے اذان دو۔''

پانچوں وقت کی نماز فرض کے لیے جس میں جمعہ بھی ہے اذان سنت مؤکدہ ہے اذان وقت پر کہنی چاہیے۔ اگر وقت سے پہلے کہہ دی تو دوبارہ کہی جائے فرض عین کے علاوہ کسی اور نماز کے لیے اذان نہیں ہے عورتوں کو اذان کہنا مکروہ تحریمی ہے۔ بے وضو کی اذان ہو جائے گی مگر مکروہ ہو گی اس لیے بہتر یہ ہے کہ باوضو اذان دی جائے۔ بلند جگہ قبلہ رو کھڑے ہو کر کانوں میں انگلیاں ڈال کر اذان اس طرح کہنی چاہیے۔

**اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُؕ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُؕ**

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے

**اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُؕ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ**

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا

اِلَّا اللّٰہُ ؕ اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ

کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں،

اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؕ حَیَّ عَلَی

میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔ نماز پڑھنے کے

الصَّلٰوۃِ ؕ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ؕ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ؕ

لیے آؤ نماز پڑھنے کے لیے آؤ، نجات پانے کے لیے آؤ

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؕ

نجات پانے کے لیے آؤ۔ اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ؕ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ کہتے وقت داہنی طرف مونھ کرنا اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہتے وقت بائیں طرف مونھ کرنا چاہیے۔ اگر فجر کی اذان ہو تو حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد دو مرتبہ اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ (نماز نیند سے بہتر ہے) کہنا سنت ہے۔

## اقامت

اذان کے بعد جماعت کھڑی ہونے کے وقت جو تکبیر یا اقامت کہی جاتی ہے اس کے الفاظ اذان کے مثل ہیں چند باتوں میں فرق ہے (۱) حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد دو مرتبہ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ (جماعت کھڑی ہوگئی) کہے (۲) اذان کے مقابلہ میں آواز پست ہو (۳) اس کے کلمات جلد جلد کہے جائیں (۴) کانوں میں انگلیاں نہ ڈالیں۔ (۵) اقامت سے پہلے درود وسلام پڑھنا مستحب ہے۔

## اجابتِ اذان واقامت

اذان واقامت دونوں کی اجابت مستحب ہے۔ اجابت کا مطلب یہ ہے کہ سننے والا بھی وہی کلمات کہتا جائے۔ اور اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہ کہتے وقت انگوٹھوں کو چوم کر آنکھوں سے لگائے اور پہلی مرتبہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اور دوسری مرتبہ قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ ، اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَ الْبَصَرِ، کہے جو ایسا کرے گا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کی شفاعت فرمائیں گے اور اس کی آنکھوں کی روشنی کبھی نہ جائے گی۔ اور حَیَّ عَلَی الصلوۃ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے جواب میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کہے اور فجر کی اذان میں اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کے جواب میں صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ کہے اور اقامت میں قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کے جواب میں اَقَامَهَا اللّٰہُ وَ اَدَامَهَا کہے۔

## اذان کی دُعا

اذان کے بعد موذن وسامعین درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ

اے اللہ! اس دعوت تامہ اور صلوٰۃ

الْقَآئِمَۃِ اٰتِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ

قائمہ کے مالک تو ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو وسیلہ

وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ

اور فضیلت اور بہت بلند درجہ عطا فرما اور ان کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا

مقام محمود میں کھڑا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ہمیں قیامت

شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ط اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

کے دن ان کی شفاعت نصیب فرما بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں

الْمِیْعَادَ ط بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

کرتا۔ ہم پر اپنی رحمت فرما اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

بہتر یہ ہے کہ موذن صالح پرہیز گار ہو۔ اور ثواب کی نیت پر اذان کہتا ہو۔ خنثیٰ، فاسق، نشہ والا، پاگل اور ناسمجھ بچے کی اذان مکروہ و واجب الاعادہ ہے۔ حیض ونفاس والی عورت، خطبہ سننے والے، قضائے حاجت اور جماع کرنے والے پر اذان کا جواب نہیں ہے۔ جب اذان ہو تو چاہیے کہ اتنی دیر سب کام یہاں تک کہ قرآن پاک بھی پڑھ رہا ہو تو اس کو بھی موقوف کر دے اور چل رہا ہو تو کھڑا ہو جائے اور اذان سنے اور جواب دے۔ اگر چند اذانیں سنے تو اس پر پہلی ہی کا جواب ہے۔ اگر سب کا جواب دے تو بہتر ہے۔

# نماز کا بیان

مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کے عائد کردہ فرائض میں سے سب سے بڑا فریضہ نماز ہے۔ قرآن و حدیث پڑھنے والے جانتے ہیں کہ نماز کس قدر اہم اور ضروری ہے اور اس کے ترک کا انجام کتنا سخت اور ہولناک ہے۔

## چند ارشاداتِ ربانی ملاحظہ ہوں

۱۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ ۙ﴿٢﴾ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنفِقُونَ ۙ﴿٣﴾ (البقرہ: ۲۔۳)

"(قرآن) ان پرہیز گاروں کے لیے ہدایت ہے جو غیب کی تصدیق کرتے اور نماز قائم رکھتے اور ہمارے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرتے ہیں۔"

۲۔ حٰفِظُوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُومُوا لِلّٰهِ قٰنِتِينَ ﴿٢٣٨﴾ (البقرہ: ۲۳۸)

"تمام نمازوں کی حفاظت کرو خصوصاً درمیانی نماز (عصر) کی اور اللہ کے حضور ادب سے کھڑے ہو۔"

۳۔ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجٰرَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ وَإِقَامِ الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ﴿٣٧﴾ (النور: ۳۷)

"(صالحین) مرد وہ ہیں کہ ان کو ان کی تجارت اور خرید وفروخت اللہ کی یاد اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے سے غافل نہیں کرتی۔ وہ قیامت کے اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں بہت سے دل اور آنکھیں

الٹ پلٹ ہوجائیں گی۔"

۴۔ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ (الماعون: ۴۔۵)

"خرابی ہے ان نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز کی اہمیت سے بے خبر ہیں یعنی بے وقت پڑھتے ہیں اور کبھی پڑھتے اور کبھی نہیں پڑھتے ہیں۔"

۵۔ فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ۝ (مریم: ۵۹)

"تو ان کے بعد کچھ ناخلف پیدا ہوئے جنہوں نے نمازیں ضائع کردیں اور خواہشات نفسانی کے پیچھے لگ گئے تو عنقریب وہ غی سے ملیں گے۔"

"غی" دوزخ کے نیچے کے طبقے میں ایک کنواں ہے جس میں اہل دوزخ کی پیپ وغیرہ گرتی ہے۔

۶۔ فِيْ جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝ (المدثر: ۴۰۔۴۴)

"جنت میں جنتی لوگ مجرموں سے پوچھیں گے تمہیں کس جرم نے دوزخ میں پہنچایا؟ وہ کہیں گے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے اور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔"

۷۔ دعائے خلیل: رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ (ابراہیم: ۴۰)

"اے میرے رب! مجھ کو اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا دے۔ اے ہمارے پروردگار! میری دعا قبول فرما۔"

۸۔ موسیٰ علیہ السلام پر پہلی وحی: اِنَّنِيْۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ۝ (طٰہٰ: ۱۴)

"بلاشبہ میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں۔ پس میری عبادت کرو اور میری یاد کے واسطے نماز قائم رکھو۔"

۹۔ کلام عیسیٰ علیہ السلام آغوش مادری: اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۝ وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ وَ

"میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا اور مجھے مبارک بنایا ہے جہاں بھی میں رہوں اور اس نے مجھے

اَوْصٰنِیْ بِالصَّلٰوةِ وَ الزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَیًّا ﴿۳۱﴾ (مریم: ۳۰۔۳۱)
نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کی تاکید کی ہے (جب تک میں زندہ رہوں)''

۱۰۔ نصیحت لقمان: یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ (لقمان: ۱۷)
''اے میرے بیٹے! نماز قائم رکھ اور (لوگوں کو) نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کر۔''

۱۱۔ اہل ایمان کی شان: وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ یَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ یَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَیُطِیْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَیَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۷۱﴾ (التوبہ: ۷۱)
''مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ بھلائی کا حکم کرتے اور برائی سے منع کرتے اور نماز قائم رکھتے اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کے فرمانبردار ہیں۔ یہی ہیں جن پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے گا۔ بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔''

۱۲۔ پانچ وقت کی نماز: وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ (ہود: ۱۱۴)
''اور نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں میں (یعنی فجر و مغرب) اور رات کی ان گھڑیوں میں جو (دن سے) نزدیک ہیں (یعنی عشا و تہجد)''

۱۳۔ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى (البقرہ: ۲۳۸)
''تمام نمازوں کی حفاظت کرو۔ خصوصاً درمیانی نماز (عصر) کی۔''

۱۴۔ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ (بنی اسرائیل: ۷۸)
''نماز قائم رکھو سورج ڈھلنے کے وقت (یعنی ظہر)''

آیت نمبر ۱۲ سے فجر و مغرب وعشا کی نماز کا آیت نمبر ۱۳ سے عصر کی نماز اور آیت نمبر ۱۴ سے ظہر کی نماز کا ثبوت ملا۔

الغرض ہر عاقل، بالغ، مسلمان مرد و عورت پر پانچ وقت کی نماز فرض عین ہے۔ اس کی فرضیت کا انکار کفر ہے اور اس کا بلا عذر شرعی چھوڑنا گناہ کبیرہ ہے۔ یہ خالص عبادت بدنی ہے اس

میں نیابت جاری نہیں ہوسکتی یعنی ایک کی طرف سے دوسرا نہیں پڑھ سکتا نہ اس کے بدلے زندگی میں کچھ مال بطور فدیہ دیا جاسکتا ہے۔ یہ دین کا ستون ہے اس کا قائم رکھنا دین کا قائم رکھنا ہے یہ سفر وحضر کسی حالت میں بھی معاف نہیں۔ یہاں تک کہ اگر بیماری وغیرہ کی وجہ سے کھڑے ہوکر نہیں پڑھ سکتا تو بیٹھ کر پڑھے اگر بیٹھ کر بھی نہیں پڑھ سکتا تو لیٹ کر پڑھے، اسے باجماعت ادا کرنا تنہا ادا کرنے سے ستائیس درجہ بڑھ کر ہے۔

## نماز پڑھنے کا طریقہ

نماز پڑھنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ نمازی کا بدن، کپڑے اور نماز کی جگہ پاک ہو اور نماز کا وقت ہوگیا ہو پھر باوضو قبلہ کی طرف مونھ کر کے دونوں پاؤں کے درمیان چار پانچ انگلیوں کا فاصلہ کر کے کھڑا ہو اور جو نماز پڑھنی ہے۔ اس کا دل سے ارادہ کرے اور زبان سے کہنا مستحب ہے۔ مثلاً نیت کی میں نے آج کی نماز ظہر چار رکعت نماز فرض یا سنت کی اللہ جل جلالہ کے لیے مونھ میرا طرف کعبہ کے اگر امام کے پیچھے ہو تو کہے پیچھے اس امام کے اور دونوں ہاتھ کانوں تک لے جائے اس طرح کہ ہتھیلیاں قبلہ رخ ہوں اور انگلیاں نہ کھلی ہوئی ہوں نہ ملی ہوئی بلکہ اپنی حالت پر ہوں۔ اَللّٰہُ اَکْبَر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لائے اور ناف کے نیچے باندھ لے اس طرح کہ داہنی ہتھیلی بائیں کلائی کے سرے پر ہو اور بیچ کی تین انگلیاں بائیں کلائی کی پشت پر اور انگوٹھا اور سب سے چھوٹی انگلی کلائی کے آس پاس ہو اور نظر سجدہ کی جگہ پر رہے اور ثنا پڑھے۔

## قیام

**ثنا** سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ

پاک ہے تو اے اللہ! میں تیری حمد کرتا ہوں تیرا نام برکت

اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط

والا ہے اور تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

اگر جماعت کے ساتھ امام کے پیچھے نماز شروع کرے تو ثنا پڑھ کر خاموش رہے اور امام کی قراءت سنے اور اگر تنہا ہو تو ثنا کے بعد تعوذ تسمیہ، سورۂ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔

## تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## سورۃ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لا

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہاں کا پروردگار ہے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لا مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ط

بڑا مہربان نہایت رحم والا۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ ط اِهْدِنَا

(اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کریں اور تجھی سے مدد مانگیں۔ ہم کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِیْنَ

سیدھا راستہ چلا ان لوگوں کا راستہ جن پر

اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۵ لا غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ

تو نے انعام کیا نہ ان لوگوں کا راستہ جو (تیرے) غضب میں مبتلا

وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ اس کے بعد امام و مقتدی آہستہ سے کہے اٰمِیْنَ ۝

ہوئے اور نہ گمراہوں کا۔ الٰہی قبول فرما!

## سورۃ اخلاص

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ ج اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ ج

فرما دیجئے! وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

نہ اس نے (کسی کو) جنا اور نہ وہ (کسی سے) جنا گیا ۔اور کوئی بھی اس کا

كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہم سر نہیں ہے۔

پھر اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں جائے اور گھٹنوں کو ہاتھ کی انگلیوں سے مضبوط پکڑ لے اور اتنا جھکے کہ سر اور کمر برابر ہو جائے اور کم سے کم تین بار کہے۔

**تسبیح رکوع** سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ط

پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا

اگر جماعت ہو تو پھر رکوع سے اٹھتے ہوئے صرف امام تسمیع کہے۔

**تسمیع** سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ط

اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔

**قومہ** پھر دونوں ہاتھ چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو جائے اور مقتدی تحمید کہے۔

**تحمید** رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ط

اے ہمارے پروردگار! سب تعریف تیرے ہی لیے ہے۔

تنہا نماز پڑھنے والا تسمیع اور تحمید دونوں کہے پھر اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہوا سجدہ میں جائے اس طرح کہ پہلے گھٹنے پھر دونوں ہاتھ زمین پر رکھے پھر ناک اور پھر پیشانی خوب جمائے اور چہرہ دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھے اور مرد بازوؤں کو کروٹوں سے اور پیٹ کو رانوں سے اور رانوں کو پنڈلیوں سے جدا رکھے اور کہنیاں زمین سے اٹھی ہوئی ہوں اور دونوں پاؤں کی انگلیوں کے پیٹ قبلہ رو زمین پر جمے ہوئے ہوں اور کم سے کم تین بار پڑھے۔

## سجدہ کی تسبیح
سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ط

پاک ہے میرا پروردگار بہت بلند

**جلسہ** پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا سجدہ سے اس طرح اٹھے کہ پہلے پیشانی پھر ناک پھر ہاتھ اٹھیں اور بایاں قدم بچھا کر اس پر بیٹھے اور داہنا قدم کھڑا کر کے رکھے کہ اس کی انگلیاں قبلہ رو ہوں اور ہاتھ رانوں پر گھٹنوں کے قریب رکھے کہ ان کی انگلیاں بھی قبلہ رخ ہوں پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا۔

**دُوسرا سجدہ** اسی طرح دوسرا سجدہ کرے اور پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا کھڑا ہو جائے۔

**قیام** تسمیہ، فاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر اسی طرح رکوع و سجود کرے لیکن امام کے پیچھے مقتدی بسم اللہ، فاتحہ اور سورت نہیں پڑھے گا بلکہ وہ خاموش کھڑا رہے گا۔

**قعدہ** دوسری رکعت کے دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر اسی طرح بیٹھ جائے جس طرح دو سجدوں کے درمیان بیٹھا تھا۔

## تشہد
اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبٰتُ ط

تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ

کے لیے ہیں۔ سلام ہو تم پر اے نبی اور اللہ کی رحمتیں

وَبَرَکَاتُہٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ

اور اس کی برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک

الصّٰلِحِیْنَ ۝ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ

بندوں پر میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ

تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میری

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا

اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا، اے ہمارے پروردگار! میری دعا قبول فرما اے ہمارے

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

پروردگار! مجھ کو میرے ماں باپ کو اور سارے مسلمانوں کو بخش دے جس دن کہ (عملوں کا)

الْحِسَابُ ۝

حساب قائم ہو۔

اور چاہے تو رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ کی بجائے یہ دعا پڑھ لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا

اے اللہ! بے شک میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور تیرے

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ

سوا کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں سو اپنی خاص بخشش سے مجھ کو بخش دے

عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

اور مجھ پر رحم کر بے شک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے

پھر نماز ختم کرنے کے لیے ایک بار دائیں پھر ایک بار بائیں طرف مونھ کر کے سلام کہے۔

**سلام**

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ط

تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت۔

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ

تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔ اے میرے پروردگار! مجھ کو اور میری

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا

اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا، اے ہمارے پروردگار! میری دعا قبول فرما اے ہمارے

اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

پروردگار! مجھ کو میرے ماں باپ کو اور سارے مسلمانوں کو بخش دے جس دن کہ (عملوں کا)

الْحِسَابُ ۝

حساب قائم ہو۔

اور چاہے تو رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ کی بجائے یہ دعا پڑھ لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا

اے اللہ! بے شک میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور تیرے

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ

سوا کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں سو اپنی خاص بخشش سے مجھ کو بخش دے

عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

اور مجھ پر رحم کر بے شک تو ہی بخشنے والا مہربان ہے

پھر نماز ختم کرنے کے لیے ایک بار دائیں پھر ایک بار بائیں طرف مونھ کر کے سلام کہے۔

**سلام**

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ط

تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت۔

داہنی طرف کے سلام میں داہنی طرف کے فرشتوں اور نمازیوں کی نیت کرے کہ میں ان کو سلام کہہ رہا ہوں اور بائیں طرف کے سلام میں بائیں طرف کے فرشتوں اور نمازیوں کی نیت کرے اور جس طرف امام ہو اس طرف کے سلام میں امام کی بھی نیت کرے اور اسی طرح امام بھی دونوں طرف کے سلاموں میں فرشتوں اور مقتدیوں کی نیت کرے اور جب تنہا ہو تو دونوں طرف کے فرشتوں کی نیت کرے۔

ف: درود شریف میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام مبارک کے ساتھ اگر "سیدنا" کا لفظ بڑھا دیا جائے تو مستحب (بہت پسندیدہ) ہے۔

یہ نماز پڑھنے کا طریقہ مردوں کے لیے ہے، عورتوں کے لیے چند باتوں میں فرق ہے:

## عورتوں کے لیے

عورت تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کاندھوں تک اٹھائے گی اور کپڑے سے باہر نہ نکالے گی۔ قیام میں سینے پر ہاتھ باندھے گی اور ہتھیلی پر ہتھیلی رکھے گی۔ رکوع میں کم جھکے گی اور گھٹنوں کو جھکائے گی اور ہاتھ گھٹنوں پر رکھے گی مگر ان کو پکڑے گی نہیں اور انگلیاں کشادہ نہ رکھے گی۔ رکوع و سجود سمٹ کر کرے گی سجدہ میں پیٹ ران سے اور ران پنڈلی سے ملائے گی اور ہاتھ زمین پر بچھا دے گی۔ التحیات میں بیٹھتے وقت دونوں پاؤں داہنی طرف یا بائیں طرف نکال کر سرین پر بیٹھے گی اور انگلیاں ملا کر رکھے گی باقی سب کچھ اسی طرح کرے گی۔

# نماز کے بعد کی دعائیں و اذکار

فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ (النساء:103)

"اور جب تم نماز پڑھ لو تو اللہ کا ذکر کرو۔" اول ہر نماز کے بعد تین بار استغفار کرے۔

## اِستغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ

میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے اور

وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط اس کے بعد جو دعا چاہے پڑھے

میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

## دُعاءِ اوّل

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ

اے اللہ! تو ہی سلامتی دینے والا ہے اور سلامتی تیری

السَّلَامُ وَاِلَیکَ یَرجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا

ہی طرف سے ہے اور سلامتی تیری ہی طرف لوٹتی ہے۔ اے ہمارے پروردگار

بِالسَّلَامِ وَاَدخِلنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکتَ رَبَّنَا

ہم کو سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ اور سلامتی کے گھر میں داخل فرما۔ بڑی برکت والا ہے

وَتَعَالَیتَ یَا ذَاالجَلَالِ وَالاِکرَامِ ○

تو اے ہمارے پروردگار! اور بہت بلند ہے تو اے جلال اور بزرگی والے!

**دُعاءِ دوم** رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنیَا حَسَنَۃً وَّ فِی

اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی اور آخرت

الاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا۔

**دُعاءِ سوم** رَبِّ اَعِنِّی عَلٰی ذِکرِکَ وَشُکرِکَ

میرے رب کریم تو اپنے ذکر اور شکر

وَحُسنِ عِبَادَتِکَ ط

اور حسن عبادت پر میری مدد فرما۔

جن فرضوں کے بعد سنتیں پڑھنی ہیں ان فرضوں کے بعد مختصر سی دعا کرے جیسا کہ مندرجہ بالا دعائیں مذکور ہوئیں اور پھر جلدی سنتیں پڑھے ورنہ سنتوں کا ثواب کم ہو جائے گا۔ اور باقی اذکار و وظائف سنتوں کے بعد پڑھے اور جن فرضوں کے بعد سنتیں نہیں ہیں ان کے بعد بلاشبہ پڑھے۔

**ذکرِ اوّل** ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ سُبحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلحَمدُ لِلّٰہِ ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکبَرُ کہے۔

## ذکرِ دوم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

بادشاہت اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر چاہے پر قادر ہے۔

اس کے پڑھنے سے سب گناہ بخشے جاتے ہیں۔

## ذکرِ سوم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ

اور وہ ہر چاہے پر قادر ہے۔ اے اللہ جو شے تو عطا کرے

لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَآدَّ

اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو تو روک لے اسے کوئی دینے والا نہیں اور تیری قضا کو

لِمَا قَضَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ط

کوئی پھیرنے والا نہیں اور تیرے مقابل کسی مال دار کو اس کا مال نفع نہیں دے گا۔

## آیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے (کارخانہ

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

عالم کو) قائم رکھنے والا ہے۔ نہ اس کو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ

اور جو کچھ زمین میں ہے۔ کون ہے جو اس کے اذن کے بغیر اس کی جناب میں (کسی کی)

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۗ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

سفارش کرے جو کچھ لوگوں کو پیش آ رہا ہے اور جو کچھ ان کے بعد (ہونے والا) ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

وہ سب جانتا ہے۔ اور لوگ معلومات میں کسی چیز پر احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ

اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر حاوی ہے اور ان کی حفاظت اس

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

کوتھکاتی نہیں اور وہ عالی شان عظمت والا ہے۔

(نوٹ) دعا کے اول و آخر درود شریف ضرور پڑھنا چاہیے۔ ورنہ دعا اللہ کے حضور پیش نہیں ہوتی بلکہ معلق رہتی ہے۔

# نماز کے اوقات

اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾ (نساء: ۱۰۳)

”بے شک نماز مومنوں پر وقت مقررہ میں فرض ہے۔“

ہر نماز کو اس کے وقت میں ادا کرنا چاہیے جو نماز وقت سے پہلے پڑھی جائے گی وہ ادا نہ ہو گی اور جو بعد میں پڑھی جائے گی وہ بھی ادا نہ ہوگی بلکہ قضا ہوگی۔

**فجر** نماز فجر کا وقت صبح صادق سے شروع ہو کر آفتاب کی کرن چمکنے تک رہتا ہے صبح صادق وہ روشنی ہے جو مطلع آفتاب کے اوپر آسمان پر پھیل جاتی ہے۔ اور اجالا ہو جاتا ہے۔

**ظہر** نماز ظہر کا وقت آفتاب ڈھلنے سے شروع ہو کر اس وقت تک رہتا ہے کہ ہر چیز کا سایہ علاوہ اصلی سایہ کے دو چند ہو جائے۔ اصلی سایہ وہ ہے جو آفتاب کے خط نصف النہار پر پہنچنے کے وقت ہوتا ہے۔

**عصر** نماز عصر کا وقت ظہر کا وقت ختم ہونے سے شروع ہو کر آفتاب کے ڈوبنے تک رہتا ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ دھوپ کا رنگ زرد ہونے سے پہلے نماز ادا کر لی جائے کیوں کہ دھوپ کے زرد ہونے پر وقت مکروہ ہو جاتا ہے اگر چہ نماز ہو جائے گی۔

**مغرب** نماز مغرب کا وقت غروب آفتاب سے شروع ہو کر غروب شفق تک رہتا ہے شفق اس سپیدی کا نام ہے جو جانب مغرب سرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً وشمالاً پھیلی ہوئی رہتی ہے۔

**عشاء** نماز عشا کا وقت غروب شفق سے شروع ہو کر طلوع فجر تک رہتا ہے اور نصف شب کے بعد مکروہ ہو جاتا ہے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ بڑی راتوں میں نماز مغرب کے بعد تقریباً ڈیڑھ گھنٹا اور چھوٹی راتوں میں تقریباً سوا گھنٹا کے بعد عشا کا وقت شروع ہوتا ہے۔

## تعدادِ رکعات

| نام نماز | غیر مؤکدہ سنّت قبل فرض | سُنت مؤکدہ قبل فرض | فرض | سُنت مؤکدہ بعد فرض | نفل | کل رکعتیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فجر | × | ۲ | ۲ | × | × | ۴ |
| ظہر | × | ۴ | ۴ | ۲ | ۲ | ۱۲ |
| عصر | ۴ | × | ۴ | × | × | ۸ |
| مغرب | × | × | ۳ | ۲ | ۲ | ۷ |
| عشاء | ۴ | × | ۴ | ۲<br>۳ وتر واجب | ۴<br>۲ وتروں سے پہلے ۲ بعد | ۱۷ |

## اَوقاتِ مکروہہ

(۱) سورج نکلتے وقت (۲) غروب ہوتے وقت (۳) استواء کے وقت کوئی نماز نہیں پڑھنی

چاہیے (۴) طلوع صبح صادق سے طلوع آفتاب تک سوائے دوسنت فجر اور نماز عصر کے بعد غروب آفتاب تک کوئی نفل نہیں پڑھنے چاہئیں (۵) امام کے خطبہ جمعہ کے لیے کھڑے ہونے سے لے کر فرض جمعہ تک کوئی نماز نہیں پڑھنی چاہیے۔

# نماز کی شرطیں فرائض واجبات اور سنتیں وغیرہ

پوری نماز پڑھنے کا طریقہ جو پیچھے بیان ہو چکا ہے اس میں کچھ نماز کی شرطیں، کچھ فرائض، کچھ واجبات اور کچھ سنتیں و مستحبات ہیں۔ نمازی کو چاہیے ان کو الگ الگ یاد کرے۔

## شرائط

نماز کی چھ شرطیں ہیں (۱) طہارت یعنی نمازی کا بدن اور کپڑے پاک ہوں (۲) نماز کی جگہ پاک ہو (۳) ستر عورت یعنی بدن کا وہ حصہ جس کا چھپانا فرض ہے وہ چھپا ہوا ہو اور وہ مرد کے لیے ناف سے لے کر گھٹنے تک ہے اور عورت کے لیے ہاتھوں، پاؤں اور چہرے کے علاوہ سارا بدن ہے (۴) استقبال قبلہ یعنی مونھ اور سینہ قبلہ کی طرف ہو (۵) وقت یعنی نماز کا وقت پر پڑھنا (۶) نیت کرنا۔ دل کے پکے ارادہ کا نام نیت ہے زبان سے کہہ دینا مستحب ہے۔ فائدہ: نماز شروع کرنے سے پہلے ان شرطوں کا ہونا ضروری ہے ورنہ نماز نہیں ہوگی۔

## فرائض

نماز کے فرائض سات ہیں (۱) تکبیر تحریمہ یعنی اللہُ اکبَرُ کہنا (۲) قیام یعنی سیدھا کھڑے ہو کر نماز پڑھنا۔ فرض، وتر، سنت فجر، عیدین کی نماز میں قیام فرض ہے بلا عذرِ صحیح اگر یہ نمازیں بیٹھ کر پڑھے گا تو نہیں ہوں گی۔ نفل نماز میں قیام فرض نہیں (۳) قراءت مطلقاً ایک آیت پڑھنا فرض کی دو رکعتوں میں اور وتر و نوافل کی ہر رکعت میں فرض ہے۔ مقتدی کو کسی نماز میں قراءت جائز نہیں (۴) رکوع کرنا (۵) سجدہ کرنا (۶) قعدۂ اخیرہ۔ نماز پوری کر کے آخری التحیات میں بیٹھنا (۷) خروج بِصُنعِہٖ یعنی دونوں طرف سلام پھیرنا۔

فائدہ: ان فرضوں میں سے ایک بھی رہ جائے تو نماز نہیں ہوتی۔ اگرچہ سجدۂ سہو کیا جائے۔

# نماز کے واجبات

فرض کی پہلی دو رکعتوں میں اور باقی نمازوں کی ہر رکعت میں ایک بار پوری الحمد پڑھنا۔ اس کے بعد فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں اور وتر و سنت و نفل کی ہر رکعت میں چھوٹی سورت یا

تین چھوٹی آیتیں یا وہ ایک آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو پڑھنا۔ قومہ یعنی رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔ جلسہ یعنی دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔ قعدۂ اولیٰ یعنی تین چار رکعت والی نماز میں دو رکعتوں کے بعد بیٹھنا۔ دونوں قعدوں میں تشہد پڑھنا۔ قعدۂ اولیٰ میں تشہد پر کچھ نہ پڑھنا۔ امام جب قراءت کرے بلند آواز سے یا آہستہ تو اس وقت مقتدی کا چپ رہنا۔ سوائے قراءت کے تمام واجبات میں امام کی متابعت کرنا۔ ترتیب قائم رکھنا۔ تمام ارکان سکون واطمینان سے ادا کرنا۔ امام کو فجر، مغرب، عشا، جمعہ عیدین، تراویح اور رمضان کے وتروں میں بلند آواز سے قراءت کرنا۔ ظہر اور عصر میں آہستہ قراءت کرنا۔ عیدین کی نماز میں چھ تکبیریں زائد کہنا۔

(نوٹ) نماز کے واجبات میں سے اگر کوئی واجب بھولے سے رہ جائے تو سجدۂ سہو کرنے سے نماز درست ہو جائے گی۔ سجدۂ سہو نہ کرنے اور واجب کو قصداً ترک کرنے سے نماز کا لوٹانا واجب ہے۔

# نماز کی سُنّتیں

تکبیر تحریمہ کہتے وقت دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا، ہتھیلیوں کا قبلہ رخ ہونا۔ امام کا نماز کی تمام تکبیروں کو بلند آواز سے کہنا۔ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا۔ ثنا، تعوذ، تسمیہ آہستہ پڑھنا، فاتحہ کے بعد آہستہ آمین کہنا۔ ایک رکن سے دوسرے رکن میں جاتے وقت تکبیر کہنا۔ ہر رکعت کے اول میں آہستہ بسم اللہ پڑھنا۔ فرض کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف فاتحہ پڑھنا۔ رکوع وسجود میں تین بار تسبیح پڑھنا رکوع میں ٹانگیں سیدھی ہونا اور ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا کہ انگلیاں کھلی رہیں اور سر اور کمر برابر ہو جائے۔ رکوع سے اٹھتے وقت امام کا سَمِعَ اللہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ اور مقتدی کا رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کہنا (تنہا نماز پڑھنے والا دونوں کہے) سجدہ میں جاتے وقت پہلے دونوں گھٹنے پھر ہاتھ پھر ناک پھر پیشانی رکھنا اور اٹھتے ہوئے اس کا برعکس کرنا۔ بازو کروٹوں سے اور پیٹ رانوں سے جدا رکھنا (مگر جب صف میں ہو گا تو بازو کروٹوں سے جدا نہ ہوں گے) کلائیاں زمین سے اونچی رکھنا اور انگلیوں کا قبلہ رو ہونا اور ملی ہوئی ہونا۔ دونوں سجدوں کے درمیان دایاں قدم کھڑا کر کے اور بایاں قدم بچھا کر اس پر بیٹھنا۔ ہاتھوں کا رانوں پر رکھنا۔ سجدہ میں دونوں پاؤں کی تمام انگلیوں کا پیٹ زمین پر لگنا اور قبلہ رو ہونا۔ تشہد میں اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پر شہادت کی

انگلی سے اشارہ کرنا یوں کہ 'لا' پر انگلی اٹھائے اور 'اِلّا' پر رکھ دے اور سب انگلیاں قبلہ رو سیدھی کر دے۔ تشہد کے بعد درود شریف اور کوئی دعائے مسنون پڑھنا۔ سلام دو بار کہنا پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف۔ امام کا بلند آواز سے سلام کہنا لیکن دوسرا پہلے کی نسبت کچھ آہستہ کہنا۔ ان سنتوں میں اگر کوئی سنت سہواً رہ جائے یا قصداً ترک کی جائے تو نماز نہیں ٹوٹتی اور نہ ہی سجدۂ سہو واجب ہوتا ہے ہاں قصداً چھوڑنے والا گناہ گار ہوتا ہے۔

# نماز کے مستحبات

دو قدموں کے درمیان بقدر چار انگشت کے فاصلہ چھوڑنا۔ رکوع و سجدوں میں تین بار سے زیادہ پانچ یا سات بار تسبیح کہنا۔ قیام کے وقت سجدہ گاہ پر، رکوع میں دونوں پاؤں کی پشت پر، سجدہ میں ناک کے سرے پر، قعدہ میں اپنی گود پر، سلام میں اپنے شانوں پر نظر رکھنا۔ جماہی کے وقت مونھ بند رکھنا اگر کھل جائے تو ہاتھ کی پشت سے ڈھکنا۔

# مُفسِداتِ نماز

بھول کر یا قصداً کسی سے بات کرنا۔ کسی کو قصداً یا سہواً سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا۔ کسی کی چھینک کا جواب دینا۔ امام کی بھول پر بیٹھ جا کہنا یا ہوں کہنا، اللہ تعالیٰ کا نام سن کر جل جلالہ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام سن کر درود شریف بقصد جواب پڑھنا اور اگر بقصد جواب نہ ہو تو حرج نہیں۔ اپنے امام کے سوا دوسرے کو لقمہ دینا، درد یا مصیبت کی وجہ سے آہ، اُف وغیرہ کہنا، اور اگر بے اختیار مریض وغیرہ سے آہ، اف نکلی معاف ہے۔ نماز پوری ہونے سے پہلے قصداً سلام پھیرنا، اگر بھول کر پھیر دیا تو حرج نہیں نماز پوری کر کے سجدۂ سہو کر لے۔ نماز میں قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا، اچھی یا بری خبر سن کر کچھ کہنا، قراءت یا اذکار نماز میں سخت غلطی کرنا، کچھ کھانا پینا۔ ہاں دانتوں کے اندر کوئی چیز رہ گئی تھی اس کو نگل گیا اگر چنے کے برابر ہے نماز فاسد ہو گئی اور اگر چنے سے کم ہے تو فاسد نہ ہوئی بلکہ مکروہ ہوئی۔ بلا عذر سینہ کو قبلہ سے پھیرنا، بچہ کا عورت کی چھاتی چوسنا اور دودھ نکل آنا۔ عورت نماز میں تھی مرد کا بوسہ لینا یا شہوت سے اس کے بدن کو چھونا۔ ان مفسدات میں سے کسی مفسد کے ہونے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے، لہٰذا خیال رکھے۔

# مکروہاتِ نماز

کپڑا اسمیٹنا مثلاً سجدہ میں جاتے وقت آگے یا پیچھے سے اٹھالینا اگرچہ گرد سے بچانے کے لیے ہو۔ کپڑا لٹکانا مثلاً سر یا مونڈھے پر اس طرح ڈالنا کہ دونوں کنارے لٹکتے ہوں۔ آستین آدھی کلائی سے زیادہ چڑھالینا۔ شدت کا پاخانہ یا پیشاب معلوم ہوتے وقت یا غلبہ ریاح کے وقت نماز پڑھنا، انگلیاں چٹخانا، انگلیوں کی قینچی باندھنا یعنی ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا۔ ادھر ادھر مونھ پھیر کر دیکھنا۔ آسمان کی طرف نظر اٹھانا۔ کسی کے مونھ کے سامنے نماز پڑھنا۔ جس کپڑے پر جان دار کی تصویر ہواسے پہن کر نماز پڑھنا۔ نمازی کے آگے یا دائیں بائیں یا سر پر تصویر کا ہونا۔ الٹی ترتیب سے قرآن مجید پڑھنا۔ امام سے پہلے مقتدی کا رکوع وسجود وغیرہ میں جانا۔ قبر کا سامنے ہونا اس طرح کہ درمیان میں کوئی چیز حائل نہ ہو۔ اگر بقدر سترہ کوئی چیز حائل ہو تو مکروہ نہیں اور اگر قبر دائیں یا بائیں ہے تو کچھ کراہت نہیں۔ ان مکروہات میں سے کسی مکروہ کے ہونے سے نماز ناقص ہوجاتی ہے، لہٰذا ان سے اجتناب کرے۔

# نماز توڑنے کے اعذار

سانپ وغیرہ مارنے کے لیے جب کہ ایذا کا اندیشہ ہو۔ کوئی جانور بھاگ گیا اس کے پکڑنے کے لیے۔ نقصان کا خوف ہو مثلاً دودھ ابل جائے گا، گوشت، ترکاری، روٹی جل جائے گی۔ چور کوئی چیز اٹھا کر لے بھاگا۔ گاڑی چھوٹ رہی ہو۔ اجنبی عورت نے چھودیا ہو۔ پیشاب پاخانہ کی شدید حاجت ہو۔

کوئی مصیبت زدہ فریاد کر رہا ہو یا کوئی ڈوب رہا ہو یا آگ میں جل رہا ہو یا اندھا راہ گیر وغیرہ کنویں میں گرا چاہتا ہو ان سب صورتوں میں نماز توڑ دینے کی اجازت ہے بلکہ پچھلی صورتوں میں واجب ہے، جب کہ بچانے پر قادر ہو۔

# سجدۂ سہو کا بیان

جب نماز کا کوئی واجب بھولے سے چھوٹ جائے یا کسی فرض کو مکرر کیا جائے۔ مثلاً رکوع دو مرتبہ کرے نماز کے فرض یا واجب میں زیادتی ہوجائے مثلاً قعدہ اولیٰ میں تشہد کے بعد درود شریف

پڑھ لے تو سجدۂ سہو لازم ہے۔ امام کے سہو سے مقتدی کو بھی سجدۂ سہو کرنا ہوگا۔ لیکن اگر مقتدی سے سہو ہو جائے تو مقتدی کو سجدۂ سہو لازم نہیں کیوں کہ وہ امام کے تابع ہے۔ امام سہو کرنے لگے تو مقتدی سبحان اللہ کہہ کر امام کو یاد دلائے۔ اگر امام سہو سے لوٹ آئے تو بہتر ورنہ مقتدی امام کی اتباع کرے اور آخر میں امام کے ساتھ سجدۂ سہو کرے۔

**سجدۂ سہو کا طریقہ:** قعدۂ اخیرہ میں التحیات پڑھنے کے بعد دائیں طرف سلام پھیر کر دو سجدے کرے اس کے بعد پھر تشہد، درود اور دعا پڑھ کر دونوں طرف سلام پھیر دے۔

## نمازِ وتر

نماز وتر واجب ہے۔ اگر یہ چھوٹ جائے تو اس کی قضا لازم ہے۔ اس کا وقت عشا کے فرضوں کے بعد سے صبح صادق تک ہے بہتر یہ ہے کہ آخر رات میں تہجد کے ساتھ پڑھی جائے لیکن جس کو خوف ہو کہ اٹھ نہیں سکے گا وہ عشا کی نماز کے ساتھ سونے سے پہلے پڑھ لے اس کی تین رکعتیں ہیں۔ دو رکعت پڑھ کر قعدہ کیا جائے اور تشہد پڑھ کر کھڑا ہو جائے تیسری رکعت میں تسمیہ، سورۂ فاتحہ اور سورت پڑھ کر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے اور اَللّٰہُ اَکْبَرْ کہتا ہوا ہاتھ باندھ لے اور دعائے قنوت آہستہ پڑھے کہ یہ واجب ہے۔

**دعائے قنوت**

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ

اے اللہ! ہم تجھ سے مدد چاہتے ہیں اور تجھ سے بخشش مانگتے ہیں

وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ

اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسا رکھتے ہیں اور تیری بہت اچھی تعریف

الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ

کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے

مَنْ يَّفْجُرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّيْ

ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے، اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے لیے ہی نماز

وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا

پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں اور تیری

رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ

رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب کافروں کو

بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ط

ملنے والا ہے۔

جو دعائے قنوت نہ پڑھ سکے وہ یہ پڑھے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ O اگر دعائے قنوت پڑھنی بھول گیا اور رکوع میں چلا گیا تو واپس نہ لوٹے بلکہ قعدے میں سجدۂ سہو کرے۔

## جماعت و امامت کا بیان

وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِیْنَ (البقرہ:43) "اور رکوع کرو ساتھ رکوع کرنے والوں کے۔" نماز جماعت کے ساتھ پڑھنا واجب ہے۔ بلا عذر ایک بار بھی چھوڑنے والا گناہ گار ہے۔ اور ترک کا عادی سخت گناہ گار و مستحق سزا ہے۔ جمعہ و عیدین میں جماعت شرط ہے اور تراویح میں سنت کفایہ کہ محلہ کے چند لوگوں نے قائم کر لی تو سب کے ذمے سے ساقط ہو گئی اور اگر کسی نے قائم نہ کی تو سب نے برا کیا۔ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے سے ستائیس درجہ زیادہ ثواب ہے۔

امام صحیح العقیدہ اہل سنت و جماعت، پرہیز گار، پابند شریعت، صحیح قرآن پڑھنے والا اور نماز وطہارت کے مسائل زیادہ جاننے والا ہونا چاہیے بدعقیدہ اور فاسق معلن جیسے شرابی زنا کار، سود خور، چغل خور، ڈاڑھی منڈوانے یا حد شرع سے کم رکھنے والے کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی، واجب الاعادہ ہے۔ عورت کی امامت مکروہ ہے۔ ولد الزنا، کوڑھی برص والے اور فالج زدہ کی امامت مکروہ تنزیہی ہے جب کہ اور کوئی ان سے بہتر ہو، ورنہ نہیں۔ اندھے کی امامت بلا کراہت جائز ہے جب کہ وہ طہارت وغیرہ کا خیال رکھتا ہو۔

# جن پر جماعت واجب نہیں

عورت، بیمار، اپاہج لنگڑا، لولا، بہت بوڑھا، اندھا

# ترکِ جماعت کے اعذار

سخت سردی، سخت تاریکی، سخت بارش، راستہ میں شدید کیچڑ، آندھی، چوری ہونے کا خوف، کسی دشمن یا ظالم کا خوف، پاخانہ، پیشاب کی شدید حاجت، بھوک کی حالت میں کھانا سامنے آ جانا، تیمارداری، ان سب صورتوں میں تندرست لوگوں کو بھی ترک جماعت کی اجازت ہے۔

# نمازِ جمعہ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ یَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَ ذَرُوا الْبَیْعَؕ ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹

"اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (تمہیں) نماز کے لیے پکارا جائے۔ تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور کاروبار چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔"

جمعہ کی نماز فرض عین ہے اس کی فرضیت ظہر سے زیادہ مؤکد ہے اور اس کا منکر کافر ہے۔ جمعہ کی نماز ظہر کے قائم مقام ہے اور اس کا وقت وہی ہے جو ظہر کا ہے۔

## شرائطِ جمعہ

جمعہ کی نماز کے لیے چند شرطیں ہیں کہ ان کا ہونا ضروری ہے۔ اگر ایک شرط بھی مفقود ہوئی تو جمعہ نہ ہوگا جس جگہ کوئی شرط مفقود ہو وہاں ظہر کی نماز پڑھی جائے گی۔ (۱) شہر ہو یا شہر کے قائم مقام وہ گاؤں ہو جو اپنے علاقے میں مرکزی حیثیت رکھتا ہو (۲) وقت ظہر کا ہو (۳) نماز سے پہلے خطبہ ہو (۴) جماعت ہو کیوں کہ بلا جماعت جمعہ نہ ہوگا (۴) عام اجازت ہو۔

## جن پر جمعہ فرض ہے

ہر مسلمان مرد جو آزاد، بالغ، عقل مند، تن درست اور مقیم ہے اس پر جمعہ فرض ہے۔

## جن پر جمعہ فرض نہیں

عورت، غلام وقیدی، نابالغ، مخبوط الحواس، بیمار، اپاہج، تیماردار، مسافر، جس کو کسی کا خوف ہو، جس کو کسی نقصان کا صحیح

اندیشہ ہو، ان پر جمعہ فرض نہیں ہاں اگر مسافر، مریض اور عورتیں نماز میں شریک ہو جائیں تو ان کی نماز درست ہوگی اور ظہر ان کے ذمے سے ساقط ہو جائے گی۔

جمعہ کے دن غسل کرنا سنت اور اچھے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا، مسواک کرنا اور پہلی صف میں بیٹھنا مستحب ہے۔

## ضروری مسائل

جو چیزیں نماز میں حرام ہیں وہ خطبہ میں بھی حرام ہیں مثلاً کھانا، پینا، سلام وکلام وغیرہ کرنا یہاں تک کہ امر بالمعروف کرنا۔ سب حاضرین پر خطبہ سننا اور چپ رہنا فرض ہے ہاں خطیب امر بالمعروف کرسکتا ہے۔ خطیب نے کوئی دعائیہ کلمہ کہا تو سامعین کو ہاتھ اٹھانا یا آمین کہنا منع ہے۔ دو خطبوں کے درمیان بغیر ہاتھ اٹھائے دل میں نیک دعا کرنا جائز ہے۔

# نمازِ عیدین

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ (البقرہ:185) ''روزوں کی گنتی پوری کرو اور اللہ کی بڑائی بولو یعنی تکبیریں کہو۔'' فرمایا: فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ''اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔''

عیدین کی نماز واجب ہے۔ سب پر نہیں بلکہ ان پر جن پر جمعہ فرض ہے اور اس کی ادائی کی وہی شرطیں ہیں جو جمعہ کے لیے ہیں۔ صرف اتنا فرق ہے کہ جمعہ میں خطبہ شرط ہے اور عیدین میں سُنت۔ ان دونوں نمازوں کا وقت سورج کے بقدر ایک نیزہ بلند ہونے سے لے کر زوال تک ہے۔ مگر عید الفطر میں کچھ دیر کرنا اور عید الاضحیٰ میں جلدی کرنا مستحب ہے۔ ان نمازوں سے پہلے اذان واقامت نہیں ہے۔ ان دونوں نمازوں کے ادا کرنے کا طریقہ ایک ہی ہے۔

## طریقۂ نماز

پہلے نیت کریں دو رکعت نماز عید الفطر یا عید الاضحیٰ واجب مع زائد چھ تکبیروں کے پھر تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لیں اور ثنا پڑھیں اس کے بعد امام زور اور مقتدی آہستہ سے تین تکبیریں کہیں دو تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیں اور تیسری کے بعد باندھ لیں۔ پھر امام بلند آواز سے سورۂ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر رکوع اور سجود کرے گا دوسری رکعت میں فاتحہ اور قراءت کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے امام ومقتدی ہاتھ اٹھا کر تین تکبیریں کہہ کر ہاتھ

چھوڑ دیں اور چوتھی تکبیر کہتے وقت ہاتھ کانوں تک نہ اٹھائیں بلکہ رکوع میں جائیں اور قاعدے کے مطابق نماز پوری کریں۔

## عید کے مستحبات

حجامت بنوانا، ناخن ترشوانا، مسواک و غسل کرنا، اچھے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا، عید گاہ کو پیدل جانا، راستہ میں تکبیر کہتے ہوئے جانا دوسرے راستہ سے واپس آنا، عید الفطر میں نماز سے پہلے صدقۂ فطر ادا کرنا اور کوئی میٹھی چیز کھانا، کھجوریں ہوں اور طاق ہوں تین، پانچ، سات تو بہتر۔ آپس میں ملنا مصافحہ و معانقہ کرنا، مبارکباد دینا۔

## کلماتِ تکبیر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ نویں ذی الحجہ کی فجر سے تیرہویں کی عصر تک ہر نماز کے فوراً بعد یہی تکبیر ایک بار کہنا واجب اور تین بار کہنا افضل ہے اسے تکبیر تشریق کہتے ہیں۔

# نماز جنازہ

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا (التوبۃ: 84)

”ان (کفار و منافقین) میں سے کسی کی میت پر کبھی نماز نہ پڑھنا (ہاں مومنوں کی پڑھنا)“

جنازہ کی نماز فرض کفایہ ہے۔ فرض کفایہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر چند آدمی بھی پڑھ لیں تو سب بری الذمہ ہو گئے ورنہ سب گناہ گار ہوں گے جن کو خبر پہنچی تھی اور وہ نہیں آئے۔ اس کے لیے جماعت شرط نہیں ایک آدمی بھی پڑھ لے تو فرض ادا ہو گیا۔ اس کے دو رکن ہیں۔ چار بار تکبیر کہنا، کھڑے ہو کر پڑھنا اور اس کی تین سنتیں ہیں۔ اللہ کی حمد و ثنا کرنا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا، میت کے لیے دعا کرنا۔ میت سے مراد وہ ہے جو زندہ پیدا ہوا پھر مر گیا۔ جو مرا ہوا پیدا ہو اس کی نماز نہیں۔ نیز میت کا سامنے ہونا ضروری ہے غائب کی نماز نہیں۔ اگر کئی میتیں جمع ہو جائیں تو سب کے لیے ایک ہی نماز کافی ہے۔ سب کی نیت کرے اور علیحدہ علیحدہ پڑھے تو افضل ہے۔

## طریقۂ نماز

پہلے نیت کر کے امام و مقتدی کانوں تک ہاتھ اٹھائیں اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے ناف کے نیچے ہاتھ باندھ لیں اور ثنا پڑھیں، وَتَعَالٰی جَدُّكَ کے بعد وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُكَ پڑھیں پھر بغیر ہاتھ اٹھائے تکبیر کہیں اور نماز میں پڑھا جانے والا یا یہاں درج درود شریف پڑھیں پھر بغیر ہاتھ اٹھائے تکبیر کہیں اور دعا پڑھیں۔ مقتدی تکبیریں آہستہ کہے اور امام بلند آواز سے۔

## درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

الٰہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ

درود و سلام و برکت بھیج جس طرح تو نے صلوٰۃ بھیجی اور سلام بھیجا

وَبَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ

اور برکت دی اور مہربانی کی اور رحم کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر، بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

## بالغ مرد و عورت کے لیے دُعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَ

الٰہی! بخش دے ہمارے ہر زندہ کو اور

مَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا

ہمارے ہر متوفی کو اور ہمارے ہر حاضر اور ہمارے ہر غائب کو اور ہمارے ہر چھوٹے کو اور ہمارے

وَذَكَرِنَا وَاُنْثٰنَا ط اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا

ہر بڑے کو اور ہمارے ہر مرد کو اور ہماری ہر عورت کو۔ الٰہی! تو ہم میں سے جن کو زندہ رکھے تو اس کو

فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ ط وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا

اسلام پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جس کو موت دے

فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ط

تو اس کو ایمان پر موت دے

**نابالغ لڑکے کے لیے دُعا** اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّ

الٰہی! اس (لڑکے) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنے والا بنادے اور اس کو ہمارے لیے

اجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا ط

اجر (کا موجب) اور وقت پر کام آنے والا بنادے اور اس کو ہماری سفارش کرنے والا بنادے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔

**نابالغ لڑکی کے لیے دعا** اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّ اجْعَلْھَا

الٰہی! اس (لڑکی) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنے والی بنادے اور اس کو ہمارے لیے

لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّ اجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَۃً وَّ مُشَفَّعَۃً ط

اجر (کا موجب) اور وقت پر کام آنے والی بنادے اور اس کو ہماری سفارش کرنے والی بنادے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے۔

دعا کے بعد چوتھی تکبیر کہہ کر ہاتھ کھول دیں اور دائیں بائیں دونوں طرف سلام پھیر دیں اور صفیں توڑ کر دعا مانگیں۔

فائدہ: جنازہ کو کاندھا دینا عبادت اور بہت اجر و ثواب ہے۔ یہ جو عوام میں مشہور ہے کہ شوہر اپنی بیوی کے جنازہ کو نہ کندھا دے سکتا ہے نہ قبر میں اتار سکتا ہے نہ مونھ دیکھ سکتا ہے محض غلط ہے صرف نہلانے اور بلا حائل بدن کو ہاتھ لگانے کی ممانعت ہے۔ عورت اپنے شوہر کو غسل دے سکتی ہے۔

**نمازِ مسافر** مسافر وہ شخص ہے جو کم از کم ۵۷ میل (۹۲ کلومیٹر) کے سفر کے ارادے سے اپنی بستی سے باہر نکل چکا ہو۔ اس پر واجب ہے کہ فقط فرض نماز میں قصر کرے یعنی چار رکعت والے فرض کو دو پڑھے اس کے حق میں دو ہی رکعتیں پوری نماز ہے۔ اگر سہواً یا قصداً چار پڑھے اور دو کے بعد قعدہ کرے تو فرض ادا ہو جائیں گے اور پچھلی دو رکعتیں نفل ہو جائیں گی مگر قصداً چار پڑھنے والا سخت گناہ گار ہے اس پر توبہ لازم ہے۔ مسافر اگر مقیم امام کے پیچھے نماز پڑھے گا تو چار ہی پڑھے گا۔ اور مقیم اگر مسافر امام کے پیچھے نماز پڑھے گا تو امام کے سلام کے بعد وہ اپنی دو رکعتیں پوری کرے گا مگر ان رکعتوں میں فاتحہ نہیں پڑھے گا بلکہ بقدر فاتحہ خاموش کھڑا رہے گا اور باقی معمول کے مطابق ادا کرے گا۔ مسافر جب تک واپس

اپنی بستی میں نہ آئے مسافر ہے اور جس شہر یا بستی میں جائے اگر وہاں پندرہ روز سے کم رہنے کی نیت ہو تو قصر پڑھے اگر پندرہ روز یا زیادہ رہنے کی نیت ہو تو پوری پڑھے۔ قصر صرف چار رکعت والے فرضوں میں ہے سنت و وتر میں قصر نہیں۔ سفر میں سنتیں مکمل پڑھی جائیں۔

**نماز اشراق** اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔ اس کے پڑھنے والے کو پورے حج و عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔ صرف دو رکعتیں ہیں کہ نماز فجر جماعت کے ساتھ پڑھنے کے بعد بیٹھا ذکر الٰہی کرتا رہے جب آفتاب بلند ہو جائے تو پڑھے۔

**نماز چاشت** اس نماز کی بہت ہی زیادہ فضیلت ہے، ہمیشہ پڑھنے والے کے سب گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں اور اس کے واسطے جنت میں سونے کا محل ہوگا۔ اس نماز کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں افضل بارہ ہیں۔ اس کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال تک ہے۔

**نماز تسبیح** اس نماز کا بے انتہا اجر و ثواب ہے اور اس کی چار رکعتیں ہیں۔ مکروہ وقت کے علاوہ جب چاہے پڑھ سکتا ہے بہتر یہ ہے کہ ظہر سے پہلے پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ثنا پڑھے۔ ثنا کے بعد پندرہ بار کلمہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پھر تعوذ، تسمیہ، فاتحہ اور سورت پڑھ کر دس بار یہی کلمہ پڑھے پھر رکوع میں جا کر رکوع کی تسبیح کے بعد دس بار پھر یہی کلمہ پڑھے۔ پھر رکوع سے اٹھ کر تسمیع و تحمید کے بعد دس بار یہی کلمہ پڑھے پھر سجدے میں جا کر سجدے کی تسبیح کے بعد دس بار پھر سجدے سے اٹھ کر جلسہ میں دس بار پھر دوسرے سجدے میں تسبیح کے بعد دس بار پھر دوسری رکعت میں فاتحہ سے پہلے پندرہ بار اور پھر اسی ترتیب سے چار رکعتیں ہر رکعت میں پچھتر بار اور چار رکعتوں میں تین سو بار کلمہ پڑھا جائے گا۔

# نماز حاجت

جس کو کوئی حاجت پیش آئے تو وہ اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجے، پھر یہ پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو حلیم و کریم ہے پاک ہے اللہ

رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

عرش عظیم کا مالک اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے

الْعٰلَمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ

جہانوں کا پروردگار ہے اے اللہ! میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب مانگتا ہوں اور

عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّ

تیری بخشش کے ذرائع طلب کرتا ہوں اور ہر نیکی کا حصول اور

السَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ط لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا

ہر گناہ سے سلامتی مانگتا ہوں (اے اللہ!) میرا کوئی گناہ نہ چھوڑ بغیر

غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ

بخشے اور کوئی غم بغیر دور کیے اور کوئی حاجت جو تیری رضا کے

لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ہ

موافق ہے بغیر پورا کیے اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان۔

**یا یہ پڑھے** اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں

بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ الرَّحْمَةِ ط يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

بوسیلہ تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو رحمت والے نبی ہیں یا رسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم)

اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ

میں نے آپ کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اس حاجت میں توجہ کی ہے۔

هٰذِهٖ لِتُقْضٰى لِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ ط

تاکہ پوری ہو، اے اللہ! ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

## نماز استخارہ

استخارہ کا مطلب اللہ سے بھلائی طلب کرنا ہے یعنی جب کسی اہم کام کا قصد کرے تو اس کے کرنے سے پہلے استخارہ کرے۔ استخارہ کرنے والا گویا اللہ کی بارگاہ میں التجا کرتا ہے کہ اے علام الغیوب! مجھے اشارہ فرما دے کہ یہ کام میرے حق میں بہتر ہے یا نہیں؟

## طریقۂ استخارہ

پہلے دو رکعت نماز اس طرح کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری میں فاتحہ کے ساتھ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور سلام پھیر کر پھر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اے اللہ! میں تیرے علم کے ساتھ تجھ سے خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کے ذریعہ

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ ط

سے طلب قدرت کرتا ہوں اور تجھ سے تیرا فضل عظیم مانگتا ہوں

فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَاۤ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَاۤ اَعْلَمُ

کیوں کہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا تو سب کچھ جانتا ہے اور میں نہیں جانتا

وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے اے اللہ! اگر تیرے علم میں یہ امر

اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ

(جس کا میں قصد و ارادہ رکھتا ہوں) میرے دین و ایمان اور میری زندگی

وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَعَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ

اور میرے انجام کار میں دنیا و آخرت میں میرے لیے بہتر ہے تو اس کو

فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ ط

میرے لیے مقدر کر دے اور میرے لیے آسان کر دے پھر اس میں میرے واسطے برکت دے

اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ

اے اللہ! اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے برا ہے میرے

فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ وَعَاجِلِ

دین و ایمان میری زندگی اور میرے انجام کار دنیا و آخرت میں تو اس

اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ

کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور جہاں

عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ ط

کہیں بہتری ہو میرے لیے مقدر کر پھر اس سے مجھے راضی کر دے۔

اور بہتر ہے کہ سات بار استخارہ کرے اور دعائے مذکورہ پڑھ کر باطہارت قبلہ رو سورہے دعا کے اول و آخر فاتحہ اور درود شریف پڑھے، اگر خواب میں سپیدی یا سبزی دیکھے تو سمجھے کہ یہ کام بہتر ہے اور اگر سرخی یا سیاہی دیکھے تو سمجھے کہ برا ہے اس سے بچے۔

## نماز تراویح

ماہ رمضان کی راتوں میں عشا کے بعد اور وتروں سے پہلے جو نماز پڑھی جاتی ہے وہ تراویح ہے۔ تراویح مرد و عورت دونوں کے لیے سنت مؤکدہ

ہے۔اس کی بیس رکعتیں دس سلاموں کے ساتھ ہیں۔ ہر چار رکعت کے بعد کچھ دیر آرام کرنا اور تسبیح پڑھنا مستحب ہے۔

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ ط سُبْحَانَ

پاک ہے وہ اللہ جو ملک اور بادشاہت والا ہے۔ پاک ہے وہ

ذِی الْعِزَّةِ وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

اللہ جو عزت والا، عظمت والا، ہیبت والا، قدرت والا،

وَالْكِبْرِيَآءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحَانَ الْمَلِكِ

اور بڑائی والا اور سطوت والا ہے۔ پاک ہے وہ اللہ جو بادشاہ

الْحَيِّ الَّذِیْ لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ

ہے، زندہ رہنے والا کہ نہ اس کے لیے نیند اور نہ موت ہے۔ وہ بے انتہا پاک

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ ط

ہے، بے انتہا مقدس ہے ہمارا پروردگار اور فرشتوں اور روح کا پروردگار ہے

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ ط يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ

الٰہی! ہمیں آگ سے بچانا اے بچانے والے، اے پناہ دینے والے، اے نجات

يَا مُجِيْرُ ط اَلصَّلٰوةُ بَرْ مُحَمَّدٍ ط

دینے والے۔رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجیں۔

## ضروری مسائل

نابالغ کے پیچھے بالغوں کی نماز تراویح نہیں ہوگی حافظ کو اجرت دے کر تراویح پڑھوانا ناجائز ہے۔ بغیر طے و گفتگو وغیرہ کیے بطور خدمت کچھ دیا جائے تو جائز ہے۔ جس نے فرض جماعت سے نہیں پڑھے وہ اگر وتر باجماعت پڑھ لے

تو حرج نہیں۔

**نمازِ تہجّد و صلوٰۃ اللیل** عشا کی نماز کے بعد رات کو سو کر اٹھنے کے بعد جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے تہجد کہتے ہیں۔ اس نماز کی بڑی فضیلت ہے۔ اس کی کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔ اور جو عشا کی نماز کے بعد سونے سے قبل پڑھی جائے اسے صلوٰۃ اللیل کہتے ہیں۔ فرضوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے۔

**نمازِ سفر** سفر میں جاتے وقت دو رکعتیں اپنے گھر میں پڑھ کر جانا اور سفر سے واپس آکر پہلے دو رکعتیں مسجد میں ادا کرنا پھر گھر جانا مسنون اور بہت ہی مبارک ہے۔

**قضا نمازیں** جو نماز وقت پر نہ پڑھی جائے وہ قضا ہے اور بلا عذر شرعی نماز قضا کرنا سخت گناہ ہے۔ قضا کرنے والے پر فرض ہے کہ اس کی قضا پڑھے اور سچے دل سے توبہ کرے فرض کی قضا فرض، واجب کی قضا واجب اور بعض سنتوں کی قضا سنت ہے۔ جیسے فجر کی سنتیں، جب کہ فرض بھی فوت ہو گیا ہو اور ظہر کی پہلی سنتیں جب کہ ظہر کا وقت باقی ہو۔ قضا کے لیے کوئی وقت معین نہیں جب بھی پڑھے گا بری الذمہ ہو جائے گا۔ ہاں طلوع و غروب اور زوال کے وقت جائز نہیں مگر چاہیے کہ قضا نمازیں جلدی پڑھ لے تاخیر نہ کرے ظہر اور جمعہ کی سنتیں جو فرض سے پہلے ہیں اگر وہ رہ جائیں تو فرضوں کے بعد پڑھ لے اور فجر کی سنتیں اگر رہ جائیں تو سورج نکلنے کے بعد ظہر سے پہلے پہلے پڑھ لے تو بہتر ہے۔

# مسنون دُعائیں

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ (غافر: 60) ''اور تمہارے پروردگار کا ارشاد ہے کہ مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔''

**جب گھر سے نکلے**

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ

اللہ کے نام کے ساتھ میں نے اللہ پر بھروسا کیا۔

**جب مسجد میں داخل ہو**

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

بسم اللہ اور درود وسلام پڑھ کر کہے، اے اللہ! میرے لیے رحمت کے دروازے کھول دے۔

**جب مسجد سے نکلے**

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ ط

اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں اور تیری رحمت۔

**جب سو کر اُٹھے**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ ط

سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے ہمیں مارنے (یعنی سونے) کے بعد زندہ (یعنی بیدار) کیا اور (ہم نے) اسی کی طرف اٹھنا ہے۔

**جب بیت الخلاء جانا چاہیے**

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ط

اے اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں خبیث جنوں اور جنیوں سے

**جب بیت الخلاء سے نکل آئے**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ ط

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھ سے اذیت کو دور کیا اور مجھ کو عافیت دی

**جب کھانے سے فارغ ہو**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں

وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط

کھلایا اور پلایا اور مسلمانوں میں سے کیا۔

**جب کسی کے گھر کھائے تو یہ بھی کہے**

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ

اے اللہ! کھلا اس کو

مَّنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ ط

جس نے مجھے کھلایا اور پلا اس کو جس نے مجھے پلایا۔

**جب کوئی لباس پہنے**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھ کو لباس پہنایا

مَآ اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ

کہ میں اس سے ستر چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس کے ساتھ زینت کرتا ہوں۔

**جب سواری پر بیٹھ جائے**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سُبْحَانَ الَّذِیْ

شکر ہے اللہ کا۔ پاک ہے وہ جس نے

سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی

اس کو ہمارے قبضہ میں کیا اور نہ ہم اس کو قابو میں کرنے والے تھے اور ہم اپنے

رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ط

پروردگار کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

## شبِ قدر اور شبِ براءَت میں پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْرُ ؕ

اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے اور معافی کو پسند کرتا ہے پس مجھ کو معاف فرمادے اے بخشنے والے۔

## جب قبرستان جائے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللہُ لَنَا وَلَکُمْ وَاَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ ؕ

سلام ہو تم پر اے قبروں والو! اللہ ہمیں اور تمہیں بخشے، تم آگے جا چکے ہو اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں۔

## جب آئینہ دیکھے

اَللّٰھُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ ؕ

اے اللہ! تو نے میری صورت کو اچھا بنایا ہے تو میری سیرت کو بھی اچھا بنادے۔

## جب نیا چاند دیکھے

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ

اے اللہ! اس چاندکو ہم پر برکت، ایمان، خیریت اور سلامتی والا کر دے اور (ہمیں) توفیق دے

لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ ؕ

اس (عمل) کی جو تجھے پسند اور مرغوب ہو۔ (اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

**جب کوئی مصیبت پہنچے**

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ

بے شک ہم اللہ کے ہیں اور ہم اسی کی طرف

رَاجِعُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِیْبَتِیْ

لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! میں اپنی اس مصیبت میں تجھ سے ثواب کا

فَاْجُرْنِیْ فِیْهَا وَاَبْدِلْنِیْ مِنْهَا خَیْرًا ؕ

امیدوار ہوں پس مجھے اس میں اجر دے اور اس کا بہتر بدلہ دے۔

**جب قرض اور فکر ہو**

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ

اے اللہ! میں فکر اور غم سے

الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ

تیری پناہ مانگتا ہوں اور قرض کے گھیر لینے اور لوگوں کے دبا لینے

الدَّیْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ؕ

سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں۔

**جب کسی بیمار یا دکھی کو دیکھے**

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جس نے مجھے اس سے عافیت بخشی

مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ

جس ساتھ تجھے آزمایا اور مجھے اس نے اپنی کثیر مخلوق پر

خلق تفضیلاً ۝

فضیلت عطا فرمائی

**دشمن کے شر سے حفاظت**

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ

اے اللہ ہم دشمنوں کی ہلاکت پر تجھے ہی مقرر

نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

کرتے ہیں۔ اور دشمنوں کے شر سے تیری ہی پناہ مانگتے ہیں۔

## دعاء انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَ دِیْنِیْ، بِسْمِ

اللہ تعالیٰ کے نام کو حرز پناہ بناتا ہوں اپنی جان اور دین و ایمان پر۔ اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ عَلٰی اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَ وَلَدِیْ، بِسْمِ

کے نام حرز پناہ بناتا ہوں اپنے اہل اور اپنے مال اور اپنی اولاد پر۔ اللہ تعالیٰ کے نام کو حرز پناہ

اللّٰهِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ، اَللّٰهُ

بناتا ہوں اس پر جو اس نے مجھے عطا فرمایا ہے۔ اللہ، اللہ،

رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

میرا رب ہے میں کسی چیز کو اس کا شریک نہیں بناتا۔ اللہ بہت بڑا ہے،

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَ اَعَزُّ وَ اَجَلُّ وَ

اللہ بہت بڑا ہے، اللہ بہت بڑا ہے۔ اور وہ بہت عزیز اور جلیل اور

اَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَ اَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ

عظیم ہے اس سے جس سے میں خوف کھاتا اور ڈرتا ہوں۔ تیری پناہ بہت بڑی ہے،

وَ جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط اَللّٰهُمَّ

اور تیری تعریف بہت بزرگ ہے اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ اے اللہ!

اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَ مِنْ

میں تیری پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور ہر

شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّ مِنْ شَرِّ كُلِّ

شیطان مردود کے شر سے۔ اور ہر ظالم و جابر اور

جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ط فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ

دشمنی و عداوت رکھنے والے کے شر سے۔ پس اگر وہ مونھ پھیریں تو آپ کہہ دیجیے اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ هُوَ

میرے لیے کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میرا بھروسا ہے، اور وہی

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ہ اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ

عرش عظیم کا مالک ہے۔ بے شک میرا مددگار وہی اللہ ہے جس نے

نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ہ

کتاب نازل فرمائی اور وہی صالحین کا والی و کارساز ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ

## مجددِ مسلکِ اہلسنت خطیبِ پاکستان حضرت مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف

| | | |
|---|---|---|
| ذکرِ جمیل | نغمۂ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم | انگوٹھے چومنے کا مسئلہ |
| ذکرِ حسین (دو حصے) | درسِ توحید | مسلمان خاتون |
| راہِ عقیدت | برکاتِ میلاد | اخلاق و اعمال (نشری تقریریں) |
| راہِ حق | ثواب العبادات | مقالاتِ اوکاڑوی |
| نماز مترجم | مسئلہ سیاہ خضاب | میلادِ شفیع |
| امام پاک اور یزید پلید | مسئلہ طلاقِ ثلاثہ | جہاد و قتال |
| شامِ کربلا | انوارِ رسالت (حصہ اول) | جھگڑے کا خاتمہ |
| سفینۂ نوح (دو حصے) | تعارف علمائے دیوبند | نجوم الہدایت |

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
گنج بخش روڈ اردو بازار لاہور